فوری ریلیز کے لیے: 2023/21/2 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL کا پورٹ جروِس کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے چھٹے مرحلے کے تحت مڈ ہڈسن کے خطے سے 10$ ملین کا فاتح قرار دینے کا اعلان***

***ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن سرمایہ کاریاں ریاست کی جامع اقتصادی ترقی اور کمیونٹی ترقی کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ ہیں***

***ریاست پورٹ جروِس کے ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے رہائشیوں، کمیونٹی رہنماؤں اور عوامی عہدیداران کے ساتھ مل کر کام کرے گی***

گورنر Kathy Hochulنے آج اعلان کیا ہے کہ پورٹ جروِس کے شہر کو ڈاؤن ٹاؤن کا احیائے نو کے اقدام کے چھٹے مرحلے کے تحت مڈ ہڈسن کے خطے سے فاتح کی حیثیت سے 10$ ملین کی فنڈنگ ملے گی۔ DRI کے مرحلہ 6 کے لیے، ریاست کے 10 اقتصادی ترقیاتی علاقوں میں سے ہر ایک کو 10 $ ملین کی رقم عطا کی جا رہی ہے، جو فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کی مد میں مجموعی طور پر ریاست کے 100 $ ملین کی فراہمی کے عزم کا حصہ ہو گی تاکہ ڈاؤن ٹاؤنز کو متحرک علاقوں میں تبدیل کر کے معیشتوں کے فروغ میں کمیونٹیز کی مدد کی جا سکے۔

"ہمارا ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کا اقدام نیو یارک بھر میں کمیونٹیز کو اپنے ڈاؤن ٹاؤنز کو نئی توانائی بخشنے، اپنی معیشتوں کو فوری طور پر حرکت میں لانے اور ایسے کاروبار اور نوکریوں کو متوجہ کرنے میں مدد دیتا ہے جو رہائشیوں کو ترقی کرنے کا موقع فراہم کریں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس ایوارڈ کے ساتھ، پورٹ جروِس کا شہر اپنے ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے ضمن میں نیز کمیونٹی اراکین اور اسی طرح سیاحوں کے لیے اپنی مقامی معیشت کے ایک قابل دید مقام کے طور پر نمو کے ایک نئے باب کا آغاز کرے گا۔"

DRI ریاست کی اقتصادی ترقی کی پالیسی کے ایک جزو کے طور پر کام کرتا ہے تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کے مضافات کو سرگرمی کے ایسے متحرک مراکز میں تبدیل کر دیا جائے جو اعلیٰ معیارِ زندگی کی بنیاد ہوں اور کاروباروں، ملازمتوں اور معاشی و رہائشی تنوع کو اپنی جانب راغب کرتے ہوں۔ DRI کے سابقہ راؤنڈز کی طرح، ہر منتخب کردہ کمیونٹی بنیادی سطح سے اوپر جانے والی کمیونٹی منصوبہ بندی کے ذریعے ایک اسٹریٹجک منصوبہ تیار کرے گی جو اس شہر کی بحالی کے لئے ان کے وژن کو واضح کرے گا اور کلیدی نوعیت والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کرے گا جو تبدیلی کی صلاحیت رکھتے ہوں اور مزید نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھائیں۔ اس کے بعد ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ ایسے منتخب منصوبوں کو DRI فنڈز فراہم کرے گا جن میں بحالی اور کمیونٹی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کی سب سے زیادہ صلاحیت دکھائی دے گی۔ FY 24 ایگزیکٹو بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul نے DRI کے اضافی مرحلے کے لیے 100$ ملین کے فنڈز کی تجویز دی ہے۔

**پورٹ جروِس**

پورٹ جروِس دریائے ڈیلاویئر اور نیورسنک کے کناروں پر نیو یارک، نیو جرسی اور پنسلوانیا کے سنگم پر واقع ہے، یہ ایک ایسا تزویراتی مقام ہے جو مقامی اور علاقائی سیاحوں کو شہر کے ڈاؤن ٹاؤن اور قریبی واقع آؤٹ ڈور سہولیات کی جانب متوجہ کرتا ہے۔ پورٹ جروِس کا پورا شہر پیدل چلنے اور سائیکل چلانے کے قابل ہے، جو اپنے رہائشیوں کو میونسپل خدمات کے معاونت یافتہ، ایک خاندان دوست شہری/نیم شہری ماحول میں دستیاب فائدوں کی

پیشکش کرتا ہے۔ کارنیگی فری لائبریری سے لے کر مقامی کسانوں کے بازار تک، پورٹ جروِس نقل و حمل کے تاریخی مرکز اور ریستورانوں، پبز اور کافی شاپس کے وسیع سلسلے پر مشتمل - پورٹ جروِس متعدد کمیونٹی خدمات اور پُرکشش مقامات کا مرکز ہے۔ یہ شہر 50 میل سے زائد پر مبنی واٹرشیڈ ٹریلز، ایک 6 میل طویل پیدل تاریخی ٹور اور ایک 2.25 میل طویل پیدل سفر کے راستے سمیت اپنے دیدہ زیب منظرنامے کے ساتھ ساتھ بیرونی تفریحی سرگرمیوں کے مواقع بھی پیش کرتا ہے۔

گزشتہ کافی سالوں سے جاری حالیہ مقامی سرمایہ کاری ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے رفتار پکڑنے میں مدد دے رہی ہیں۔ احیائے نو کے لیے پورٹ جروِس کا خواب ہے کہ وہ اپنی تاریخی کشش کو ایسی جدید ترین ٹیکنالوجیز اور طریقوں کے ساتھ ملائے جو ماحولیاتی پائیداری میں، کاروباری مواقع میں اور رہائشیوں کی معاونت کریں، جبکہ ساتھ ہی ساتھ جنگلی، قابل دید دریائے ڈیلاویئر اور پہاڑی علاقوں میں آؤٹ ڈور سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے۔ گاؤں پُرکشش مقامات کی کشش میں اضافے، نئی اور موجودہ عمارتوں کی رہائشی گنجائش کو بڑھانے، محفوظ تر سڑکوں کی تخلیق، کثیرالامکانی نقل و حمل کے امکانات اور رابطوں میں بہتری نیز پوری کمیونٹی کے اندر توانائی کے استعمال میں مہارت میں بہتری کے ذریعے اپنے خواب کو حقیقت کا روپ دینا چاہتا ہے۔

مڈ ہڈسن کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے میں کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا اور پورٹ جروِس کو نامزد کرنے کی سفارش سے قبل ذیل کے تمام معیارات پر غور کیا ہے:

- ڈاؤن ٹاؤن پختہ جگہ ہے، جس کی سرحدیں بخوبی متعین ہیں؛
- ڈاؤن ٹاؤن قبل ازیں کی گئی یا آئندہ ہونے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دے سکتا ہے؛
- شہر کے اندر یا اس کے اردگرد روزگار کے مواقع کا حالیہ یا متوقع فروغ کارکنوں کو راغب کر سکتا ہے، تعمیر نو کی حمایت کر سکتا ہے، اور ترقی کو پائیدار بنا سکتا ہے؛
- ڈاؤن ٹاؤن متنوع آبادی کے لئے ایک پُرکشش اور قابل رہائش کمیونٹی ہے؛
- اس میونسپلٹی میں ایسی پالیسیاں پہلے ہی موجود ہیں، یا اس میں ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت موجود ہے جو قابل رہائش ہونے کی استعداد اور معیار زندگی بڑھانے میں اپنا کردار ادا کرتی ہیں؛
    - اس میونسپلٹی نے ایک کھلے عام اور کمیونٹی کی بھرپور شمولیت کا مظاہرہ کیا ہے جس کے نتیجے میں شہر کی بحالی کے لئے ایک خواب نیز منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہوئی؛
    - اس میونسپلٹی میں DRI پراسیس کا نظم و نسق کرنے کی مقامی استعداد موجود ہے؛ اور
    - اس میونسپلٹی میں تبدیلی لانے والے ایسے منصوبوں کی نشاندہی ہو چکی ہے جوDRI فنڈز کی سرمایہ کاریاں کے ذریعے قریب مدت والے منصوبوں کے نفاذ کے لئے پہلے سے تیار ہوں گے۔

پورٹ جروِس کو ریاستی فنڈنگ اور سرمایہ کاریوں کے ضمن میں 10$ ملین کے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں تاکہ اس سے ڈاؤن ٹاؤن کے نواحی علاقوں کا احیائے نو ہو سکے اور مقامی منصوبہ بندی کے عمل کے بعد طویل الدمتی ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ پورٹ جروِس مڈل ٹاؤن، کنگسٹن، نیو روشیل، پیکسکل، ہیورسٹرا اور اوسینگز جیسی کمیونٹیز کو ملاتا ہے جو پہلے پانچ DRI راؤنڈز میں مڈ ہڈسن کے خطے سے فاتح رہ چکی ہیں۔

پورٹ جروِس 10$ ملین کی DRI گرانٹ میں سے 300,000$ تک کے منصوبہ بندی فنڈز کے ساتھ اپنے ڈاؤن ٹاؤن کی بحالی کے لیے حکمتِ عملی پر مبنی سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے کے عمل کا آغاز کرے گا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہوگی۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان بحالی کے منصوبوں میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کی رہنمائی کرے گا جس سے اس شہر کے لئے کمیونٹی کا وژن آگے بڑھے گا اور جو ریاست کی 10$ ملین کی سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا کر علاقے کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید وسعت لائے گا۔ DRI کے چھٹے راؤنڈ کے منصوبے 2023 میں مکمل ہو جائیں گے۔

**سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا کہ،** "اپنی بہت سی تاریخی عمارتوں، کمیونٹی کے پُرکشش مقامات اور آؤٹ ڈور تفریحی مواقع کے ساتھ، پورٹ جروِس پورے مڈ ہڈسن کے خطے میں سرگرمیوں کے مرکز کی شکل اختیار کرنے کا ایک حقیقی موقع رکھتا ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن ری ویٹلائزیشن پیش رفت کے ذریعے 10$ ملین ڈالر کی رقم اس بڑھتی ہوئی کمیونٹی کو وہ سہارا فراہم کرے گی جو اسے اپنے ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو نیز اپنے رہائشیوں اور اسی طرح سیاحوں کے لیے اپنے مضافاتی علاقوں میں بہتری کے لیے درکار ہے۔ پورٹ جروِس کی پوری کمیونٹی کو مبارکباد۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "پورٹ جروِس ریاست نیو یارک کی ان کمیونٹیز کے ہم پلہ درجے کا مالک ہو چکا ہے جنہیں DRI کے ذریعے تبدیل کیا جا رہا ہے۔ چھٹے مرحلے کی فنڈنگ مڈ ہڈسن کے خطے میں دریا کنارے واقع اس ڈرامائی تاثر کے حامل مقام کی تعمیرات کے لیے ایک حکمتِ عملی پر مبنی منصوبے کی معاونت کرے گا تاکہ یہاں رہنے، کام اور تفریح کرنے کے لیے آنے والی عوام کی بہتر طور پر خدمت کی جا سکے، رابطے قائم کیے جا سکیں اور ان کا خیرمقدم کیا جا سکے۔"

**گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا کہ،** "گورنر کے DRI پروگرام میں چھٹے مرحلے میں پورٹ جروِس کو ملنے والے 10$ ملین شہر کو یہ موقع دیتے ہیں کہ وہ مقامی اثاثوں میں توسیع لائے اور اپنے ڈاؤن ٹاؤن کو مڈ ہڈسن کے خطے میں سب سے زیادہ سے متحرک مقامات میں سے ایک میں تبدیل کر دے۔ اس رقم سے شہر کو نئی رہائشی اور کاروباری جگہ کی تعمیر، عوامی نقل و حرکت میں بہتری اور اپنے گھیرے میں لینے والے شاندار قدرتی ذرائع کے ساتھ ایک حکمتِ عملی پر مبنی رابطہ قائم کرنے کی شکل میں اپنے خوابوں کو تعبیر کا روپ دینے میں مدد مل سکے گی۔ مبارک ہو۔"

**MHREDC کی ساتھی چیئرمین اور ویسٹ چیسٹر کی بزنس کونسل کی صدر اور CEO Dr. Marsha Gordon نیز سنی اورینج کی صدر Dr. Kristine Young نے کہا کہ،** "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام ڈاؤن ٹاؤن کے نواحی علاقوں کو پُرکشش مقامات میں تبدیل کرتا ہے، کمیونٹیز کو نئی زندگی بخشتا ہے جو رہائشیوں، سیاحوں اور کاروباروں کو اپنی جانب کھینچتا ہے۔ پورٹ جروِس پانیوں کے ساتھ واقع اپنی طویل تاریخ سے فائدہ اٹھائے گا اور ان کا منصوبہ نئی نسلوں کو مستقبل میں تا دیر ان گنت فائدے پہنچائے گا۔"

**ریاستی سینیٹر James Skoufis نے کہا کہ،** "پورٹ جروِس ایک ایسا متحرک شہر ہے جس کی قیادت اور کمیونٹی اراکین مزاحمت، تخلیقِ نو، اور اقتصادی کامیابی کے ایک نئے باب کی تحریر کے لیے انتھک محنت کرتے آئے ہیں۔ 10$ ملین کی یہ رقم شہر کی کوششوں کو بھرپور طاقت بخشے گی، اور میں میئر Decker اور ان کے ساتھ ساتھ ان کی ٹیم کو بھی اس اہم کامیابی پر سراہتا ہوں اور معاونت کرنے پر گورنر کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

**رکن اسمبلی Karl Brabenec نے کہا کہ،** "میں یہ سن کر پُرجوش ہوں کہ پورٹ جروِس کو ڈاؤن ٹاؤن کے نواحی علاقوں کی احیائے نو کے لیے ریاستی فنڈنگ کے مد میں 10$ ملین سے نوازا گیا ہے۔ یہ مستقبل کی سوچ پر مبنی وہ سرمایہ کاریاں ہیں جو نیو یارک کے باشندگان کی زندگیوں میں تبدیلی لاتی ہیں، اور مجھے فخر ہے کہ پورٹ جروِس کو یہ رقم مل رہی ہے اور اس کے ساتھ شراکت داری کرنے پر میں ریاستی حکومت کا شکرگزار ہوں۔"

**پورٹ جروِس کے میئر Kelly Decker نے کہا کہ،** "میں پورٹ جروِس کے رہائشیوں کی جانب سے گورنر Hochul، ان کی ٹیم اور مڈ ہڈسن کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کا انتہائی شکرگزار ہوں جنہوں نے ہمارے شہر کے خواب اور تعمیر نو کو دیکھا ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے تحت 10$ ملین ڈالر کی رقم کی وصولی ڈیلاویئر کے کنارے پر واقع ہمارے چھوٹے سے شہر؛ پورٹ جروِس کو بڑے پیمانے پر حیات نو اور تقویت بخشے گی۔ پورٹ جروِس کی بہتری کے لیے بہت سے افراد نے گزشتہ کئی سالوں کے دوران انتہائی سخت محنت کی ہے اور یہ "کیک کی خوبصورتی دو چند کرنے والی آئسنگ" کی مانند ہے۔ اب یہی وہ وقت ہے کہ جب ہمیں ایک بار پھر آستینیں چڑھا کر میدان میں اترنے اور اس جوہر (پورٹ جروس) کو چمکانے کے لیے کام کرنے کی ضرورت ہے!"

**ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے بارے میں**

ریاست کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور مضافات میں احیائے نو کے عمل کو تیزتر کرنے اور اس میں توسیع کرنے کی غرض سے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام 2016 میں ترتیب دیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور سرمایہ کاری کو تیز کرنے والے عوامل کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔

پروگرام کے پہلے پانچ برسوں میں ریاست نے 59 ڈاؤن ٹاؤنز میں 600$ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کا اجراء کیا جو بحالی کے لئے تیار ہیں اور جو تعمیر نو، کاروبار، روزگار کی تخلیق، زیادہ سے زیادہ اقتصادی اور رہائشی تنوع اور مواقع کے لئے مقناطیس بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور کلیدی محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے 10$ ملین دیے جاتے ہیں جو کمیونٹی کی بحالی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔

DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں